بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

سيدنا أصدق الناس لهجة صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار سب لوگوں میں زبان کے سچے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علي رضي الله عنه كان
اذا وصف النبي صلى الله عليه وسلم
قال ليس بالطويل
الممغط ولا بالقصير
المتردد وكان
ربعة من القوم ولم
يكن بالجعد القطط
ولا بالسبط كان
جعدا رجلا ولم يكن
بالمطهم ولا بالمكلثم
وكان في الوجه تدوير
ابيض مشرب ادعج
العينين اهدب الاشفار
جليل المشاش والكتد

حضرت علی رضی اللہ عنہ جب
حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت
بیان فرماتے تو کہتے کہ آپ نہ
پست قد تھے اور نہ دراز قد بلکہ
درمیانہ قد کے تھے۔ آپ کے
بال مبارک نہ زیادہ گھونگر والے
تھے اور نہ بالکل سیدھے بلکہ تھوڑے
گھونگر والے تھے۔ چہرہ نہ تو بالکل
پُر گوشت موٹا تھا اور نہ بالکل گول،
سُکڑا ہُوا۔ ہاں آپ کے چہرہ میں
لمبائی کے ساتھ کسی قدر گولائی تھی رنگ
گورا سُرخی مائل آنکھیں بالکل سیاہ،
پلکوں کے بال لمبے، جوڑ مضبُوط
مونڈھوں کے سرے اور درمیانی حصے

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ
آمین آمین یا ربّ العٰلمین ط

اجرد ذو مسربة شثن
الكفين والقدمين
اذا مشى تقلع كانما
يمشى فى صبب و اذا
التفت التفت معا بين
كتفيه خاتم النبوّة
وهو خاتم النبيّين
اجود الناس صدرا
و اصدق الناس لهجة
والينهم عريكة و
اكرمهم عشرة من
راه بديهة هابه و
من خالطه معرفة
احبه يقول ناعته
لم ار قبله ولا بعده
مثله صلی اللہ علیہ وسلم

(جامع الترمذی ج ۲۔ص ۲۰۵/۲۰۴)

بڑے، بدن پر بال کم تھے، سینہ اور
ناف کے درمیان سیدھی لکیر تھی،
ہتھیلیاں پُر گوشت اور دونوں پاؤں
بھی پُر گوشت تھے۔ جب چلتے تو قوت
کے ساتھ چلتے تھے گویا ڈھلوان زمین
پر چل رہے ہیں۔ جب آپ ﷺ پیچھے مڑتے تو
سارے مڑ جاتے۔ دونوں مونڈھوں کے درمیان
مُہرِ نبوت تھی اور آپ ﷺ خاتم النبیّین تھے
لوگوں میں سب سے زیادہ سخی دل تھے
سب لوگوں میں زبان کے سچے تھے
مزاج میں سب سے بڑھ کر نرم، معاشرت
میں سب سے بڑھ کر جُود و کرم والے۔ جو
اچانک آپ ﷺ کو دیکھتا مرعوب ہو جاتا اور
جو آپ ﷺ کے ساتھ مِلا جُلا رہتا اور جان
پہچان پیدا کرتا وُہ آپ ﷺ کا فدائی بن جاتا
آپ ﷺ کی صفت بیان کرنے والا کہتا کہ
مَیں نے آپ ﷺ سے پہلے اور آپ ﷺ کے
بعد آپ ﷺ جیسا کوئی نہیں دیکھا۔